ilmkidunya

Sociology - FA Part 1 Sociology Urdu Medium Short Questions Preparation

Q1. مثبت رسمی مستحبات کی تعریف کریں.

Ans 1: رسمی مستحبات وہ مستحبات ہیں جنہیں قانون کی شکل حاصل ہو.یا کسی مقرر شدہ اصول و ضابطے کے تحت عمل میں آتے ہوں.ان میں مثبت اور منفی دونوں قسم کے مستحات شامل ہیں.

Q2. ثقافتی اختلاف سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: مختلف ثقافتوں کے خواص میں اختلاف کا پایا جانا ثقافتی اختلاف کہلاتا ہے.

Q3. معاشرتی معمولات سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: معاشرتی معمولات کے ارکان کے وہ متوقع کردار ہیں جو مخصوص معازرتی موقع پر انجام دیتے ہیں.

Q4. معاشرتی ادارہ کیا ہے؟

Ans 1: "معاشرتی ادارے سے مراد وہ سماجی ڈھانچہ اور کل پرزے ہیں جن کے ذریعے انسانی معاشرہ حاجات کی تسکین سے تعلق رکھنے والی مختلف سرگرمیوں کی تنظیم کہلاتا ہے اور انہیں عمل میں لاتا ہے."

Q5. ثقافتی مما ثلث کی تعریف کریں.

Ans 1: ہر ثقافت میں مماثلت پائی جا تی ہے.مختلف ثقافتوں میں بہت سے خواص کا مشترک پایا جانا ثقافتی مماثلت کہلاتا ہے.

Q6. مقامی گروہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسا گروہ جس کی جعرافیائی حدود متعین ہو مقامی گروہ کہلاتا ہے.

Q7. قومی یک جہتی کی تعریف کریں.

Ans 1: ایک قوم کے جذبات و احساسات ،عقائد و اقدار،رسم و رواج جب ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہو کر معاشرتی زندگی کی حاجات پوری کریں ے ہو اسے قومی یک جہتی کہتے ہیں.

Q8. رسمی گروہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: رسمی گروہ وہ ہے جس میں شرکت کےلیے ارکان پر قانون و ضوابط عائد ہوتے ہوں اور شرائط بھی مقرر ہوں،نیز گروہ سے خارج ہونے کے لیے کوئی قانون موجود،رکنیت کے لیے شرائط ہوں جیسے ڈاکٹروں اور انجینئروں کی انجمنیں بھی شامل ہیں.

Q9. معاشرتی سائنس سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ?? ???? ?? ?? ???? ?? ???? ????? ?? ??????? ????? ?? ???? ?????? ??? ????? ?? ??????? ?????? ?? ?? ??????? ????? ?????? ??.

Q10. مسجد کے تین وظائف تحریر کریں.

Ans 1: 1.مسجد ہر دکھی دل اور پریشان کے لیے تسکین کا باعث ہے. 2.بہت سے سوالی اور حاجت مند مسجد میں نمازیوں سے امداد طلب کرتے ہیں. 3.مسجد دینی علوم کی تعلیم کا بہرتیں ذریعہ ہے.

Q11. زراعت کے شعبے میں ماہرین عمرانیات کا کردار بیان کریں.

Ans 1: ماہر عمرانیات فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لیے کام کرتے ہیں.وہ لوگوں کو زیادہ پیداوار کے حصول کے لیے ابھارتے ہی اور ان کی زرعی و تکنیکی معاونت کرتے ہیں.

Q12. قوم کی تعریف کریں.

Ans 1: ایسے معاشرے جس سیاسی طور پر خود مختار ہوں،قوم کہلاتے ہیں.

Q13. سنسر شپ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: سنسر شپ سے مراد وہ طریقہ کار ہے کو رائے کے اظہار کو روکنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، اس میں حکم یا اختیار پایا جاتا ہے.

Q14. انسانی معاشرے کے دو لوازمات لکھیں.

Ans 1: انسانی معاشرے کے دو لوازمات درج ذیل ہیں 1.افراد کا ایک بڑا مجموعہ 2.کسی سیاسی نظام کا موجود ہونا

Q15. عمرانیات کے نفس مضمون مین کوئی سے چار اہم موضوعات بتائیں-

Ans 1: 1- معاشرتی گروہ 2- ثقافت 3- معاشرتی مسائل 4- معاشرتی ادارے

Q16. منصب کی تعریف کریں.

Ans 1: منصب وہ نمایاں مقام ہے جو معاشرہ کسی فرد کو اس کی گروہی زندگی میں عطا کرتا ہے،منصب اصل میں حقوق و فرائض کے مجموعے کا نام ہے'.

Q17. تجارت میں عمرانیات کا کیا کرادار ہے؟

Ans 1: تجارت و کاروبار کو فروغ دینے کے لیے عمرانی علم کوبروئے کا لایا جاتا ہے.بڑی بڑی تجارتی کمپنیاں اور بڑے بڑے کارخانے اپنی مصنوعات کو فروغ دینے کے لیے عمرانیات کے ماہرین کی خدمات حاصل کرتی ہیں.

Q18. شیفر نے سائنس کی کیا تعریف بیان کی؟

Ans 1: ???? ?? ????? : "????? ?? ???? ???? ?????? ?? ????? ??? ?? ????? ???? ???? ?? ??? ??".

Q19. ازواجی حیثیت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ازواجی حیثیت سے مراد شادی شدہ زندگی ہے جس میں خاوند بیوی بچے اور شوہر اکھٹے رہتے ہیں.

Q20. عمرانیات کیا ہے.

Ans 1: 1- عمرانیات پوری کائنات میں رونما ہونے والے معاشرتی واقعات و حالات کا سائنسی مطالعہ ہے. 2- عمرانیات اس کائنات میں ائندہ پیش انے والے واقعات کی پیشن گوئی بھی کرتی ہے. تاکہ واقعات پر کنڑول کیا جاسکے. 3- عمرانیات ایک جدید معاشری سائنس ہے.